سوال

(247)فرض نماز کھڑی ہونے کی صورت میں سنتیں بعد میں پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اگر فجر کی جماعت کھڑی ہوجائے اور اتنا وقت بھی ہو کہ آدمی سنتیں پڑھ سکے تو کیا سنتیں پڑھنی چاہیں؟ (یعنی بعد میں جماعت مل جائے گی)؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

پہلے جماعت میں شامل ہو سنتیں بعد میں پڑھے۔

’کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

إِذَا أُقِيمَتِ الصَّلوٰةُ فَلَا صَلَاةَ إِلَّا الْمَكْتُوبَةَ

’’جب نماز کے لیے اقامت کہہ دی جائے تو فرض نماز کے علاوہ کوئی نماز نہیں ہوتی۔‘‘ (مسلم۔ صلاۃ المسافرین۔ باب کراھۃ الشروع فی نافلۃ بعد شروع المؤذن فی اقامۃ الصلاۃ۔)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

نماز کا بیان ج1ص 213

محدث فتویٰ